سوال

(329)گندم کی زکوٰۃ خرچ نکال کر دیں یا بغیر خرچ دیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

۸بوری گندم کی زکوٰۃ خرچ نکال کر دیں یا بغیر خرچ دیں؟

۱۔ عشر خرچ نکال کر یا بغیر خرچ کے؟

۲۔فی بوری ۴۲۵روپے قیمت ہے۔ (سائل: حاجی مشتاق احمد محمدی چک... بہاولپور) (۱۲دسمبر۱۹۹۷ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مزدوری وغیرہ کے اخراجات نکال کر عشر ادا کریں۔ البتہ نوکر یا آلات زرعی یا بیج وغیرہ کا خرچ الگ نہ کریں اور عشر اصل گندم سے ادا کریں۔ بارانی زمین کا دسواں حصہ ہے اور چاہی کا بیسواں حصہ ہے۔ بارانی نصاب دس من سے ایک من اور چاہی کا بیس من سے ایک من دینا ضروری ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3،کتاب الصوم:صفحہ:295

محدث فتویٰ